آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

نظامت جنگلات نیلم

شارٹ ٹینڈر نوٹس نمبر 02۔

محکمہ سروسز سے جاری شدہ نوٹیفکیشن سروسز/جنرل-08(13)2024 مورخہ 22-03-2024 کے تحت عائد پابندی نکاسی و برآمدگی جڑی بوٹی میں باضابطہ نرمی حاصل کرتے ہوئے سیکرٹریٹ جنگلات مظفرآباد سے بروئے نوٹیفکیشن نمبر س ج/42-2024/10334 مورخہ 11-07-2024 و نظامت اعلیٰ جنگلات مظفرآباد سے بروئے حکم مجریہ زیر نمبر 77-373 مورخہ 18-07-2024 ٹھیکہ نکاسی و برآمدگی جڑی بوٹی کی منظوری صادر فرمائی ہے۔

لہذا محکمہ جنگلات کے "A" کلاس رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے رواں مالی سال 2024-25 کی تجدید فیس جمع کرائی ہو سے نیلم سرکل کی تین علاقائی ڈویژن ہا کیرن، شاردہ، کیل ڈویژن (ماسوائے ایریا Musk dear نیشنل پارک گوریز، گھموٹ نیشنل پارک سرگن) سے جنگلی تھوم (Fritillaria Royles) کی برآمدگی کے لئے برائے سیزن 2024 بالمقطع رائیلٹی سنگل سٹیج سنگل لفافہ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ جو زیر دستخطی کے نام بذریعہ ٹینڈر بکس مورخہ 11-09-2024 بوقت 01:00 بجے دن تک موصول ہو جانے چاہئیں۔ موصول شدہ ٹینڈر فارم/بڈ بک اُسی روز بوقت 01:30 بجے دن حاضر ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔

نمبر شمار	نام پیداوار خفیفہ	نام ڈویژن/ایریا	میعاد ٹھیکہ
01	جنگلی تھوم (Fritillaria Royles)	کیرن، شاردہ، کیل ڈویژن (ماسوائے ایریا Musk dear نیشنل پارک گوریز، گھموٹ نیشنل پارک)	31-12-2024

شرائط:

۱۔ جنگلی تھوم (Fritillaria Royles) کی نکاسی و برآمدگی کے لئے بالمقطع رائیلٹی کی بنیاد پر ٹینڈر دینا ہوگا۔ صرف رجسٹرڈ ٹھیکیداران ٹینڈر دینے کے اہل ہوں گے۔

۲۔ ٹینڈر مقررہ فارم/بڈ بک پر دینا ہوگا۔ جو دفتر ہذا سے بالعوض فیس ناقابل واپسی مورخہ 10-09-2024 حاصل کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ ٹینڈر کے ہمراہ پیش کردہ بالمقطع رائیلٹی پر 5% کسی بھی شیڈول بینک کی کال ڈیپازٹ بطور زر بیعانہ مکفول بنام ناظم جنگلات نیلم شامل کرنا ہوگی۔ جس کے بغیر ٹینڈر فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

۴۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے 14 ایام کے اندر اندر رقم رائیلٹی مع ٹیکسز جمع کرانے کے علاوہ محکمہ کے ساتھ اقرار نامہ کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں کیئے گئے ٹھیکہ پراسس کی کارروائی کو منسوخ کرتے ہوئے زر بیعانہ بحق سرکار ضبط ہوگی۔

۵۔ جمع شدہ رائیلٹی کے خلاف برآمد شدہ جنگلی تھوم کی مقدار کم ہونے کی صورت میں محکمہ زمہ دار نہ ہوگا۔

۶۔ NTFP رولز 2015 کی شق 10 کے تحت جاری ہونے والے اقرار نامہ کی تمام شرائط ٹھیکہ ہذا پر لاگو ہوں گی۔

۷۔ مشکوک یا مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

۸۔ ٹھیکہ کی منظوری اور رقم رائیلٹی جمع کرانے کے بعد جنگلی تھوم کی ترسیل کے لئے ٹھیکیدار محکمہ سے فارم 25/24 حاصل کرنے کا پابند ہوگا۔ بدوں حصول 25/24 جنگلی تھوم کی ترسیل کی صورت میں جنگلی تھوم قابل ضبطی ہوگی۔

۹۔ ٹھیکیدار کے تعاون سے سرکل ہذا کی حدود میں ضبط شدہ جنگلی تھوم بحق ٹھیکیدار واگزار کی جائے گی۔

۱۰۔ ٹھیکیدار اپنے نمائندگان کی فہرست دفتر ہذا اور مہتمم صاحبان جنگلات کو فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز ڈپو/گودام بھی رجسٹرڈ کروانے کا پابند ہوگا۔

۱۱۔ کامیاب ٹھیکیدار حکومت کی جانب سے مقررہ کردہ تمام ٹیکسز میں اضافہ اور مزید کسی قسم کا ٹیکس لاگو ہوا تو بھی ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ زیر دستخطی کو AJ&K PPRA رولز 2017 کی شق نمبر 33 کے تحت منظوری سے قبل ٹینڈرز مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔

۱۳۔ کسی معاملہ سے متعلق دفتر ہذا/ماتحت ڈویژن ہا کی جانب سے انتظامی ہدایات پر عمل درآمد لازمی کرنا ہوگا۔

۱۴۔ ٹھیکہ ہذا کی میعاد 31-12-2024 تک ہوگی۔

۱۵۔ دیگر تفصیلات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

ناظم جنگلات
نیلم فارسٹ سرکل

CamScanner
Scanned with OKEN Scanner